## گرامر 1c کمزور افعال: وَعَدَ
برائے صفحہ

وَعَدَ کے صیغے بناتے وقت یہ خیال رکھیے:

- ماضی کی چابی: وَعَدَ۔ اس کے صیغے ویسے ہی بنیں گے جیسے ضَرَبَ ضَرَبُوا وغیرہ۔ اس میں کوئی نئی چیز نہیں ہے۔
- مضارع کی چابی: ضَرَبَ يَضْرِبُ کی طرح وَعَدَ يَوْعِدُ بنے گا۔ البتہ یہاں بولنے میں آسانی کرنے کے لیے عربوں نے واؤ کو نکال کر اس کو يَعِدُ بنا دیا! گویا واؤ تھک کر غائب ہو گیا۔ اب آپ يَوْعِدُ کے بجائے آسانی سے کہیے يَعِدُ! اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!
- امر کی چابی: يَعِدُ کا یاء گرائیے اور آخر حرف کو ساکن کیجیے: عِدْ! اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!
- اسم فَاعِل اور اسم مَفْعُول کی طرح وَاعِد اور مَوْعُوْد بنیں گے۔ یہاں کوئی تبدیلی نہیں، الحمد للہ۔

93 وَعَدَ: اس نے وعدہ کیا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضِ | | فعل مضارع | | فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، كام كا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَعَدَ | اس نے وعدہ کیا | يَعِدُ | وہ وعدہ کرتا ہے | عِدْ | وعدہ کر! |
| وَعَدُوْا | ان سب نے وعدہ کیا | يَعِدُوْنَ | وہ سب وعدہ کرتے ہیں | عِدُوْا | وعدہ کرو! |
| وَعَدْتَّ | آپ نے وعدہ کیا | تَعِدُ | آپ وعدہ کرتے ہیں | لَا تَعِدْ | مت وعدہ کر! |
| وَعَدْتُّ | میں نے وعدہ کیا | أَعِدُ | میں وعدہ کرتا ہوں | لَا تَعِدُوْا | مت وعدہ کرو! |
| وَعَدْتُّمْ | آپ سب نے وعدہ کیا | تَعِدُوْنَ | آپ سب وعدہ کرتے ہیں | وَاعِد | وعدہ کرنے والا |
| وَعَدْنَا | ہم سب نے وعدہ کیا | نَعِدُ | ہم سب وعدہ کرتے ہیں | مَوْعُوْد | جس سے وعدہ کیا گیا |
| وَعَدَتْ | اس عورت نے وعدہ کیا | تَعِدُ | وہ عورت وعدہ کرتی ہے | وَعْد | وعدہ کرنا |

## عربی بول چال

| | |
|---|---|
| هَلْ يَعِدُ زَيْدًا؟ | نَعَمْ، يَعِدُ زَيْدًا. |
| هَلْ يَعِدُوْنَ زَيْدًا؟ | نَعَمْ، يَعِدُوْنَ زَيْدًا. |
| هَلْ تَعِدُ زَيْدًا؟ | نَعَمْ، أَعِدُ زَيْدًا. |
| هَلْ تَعِدُوْنَ زَيْدًا؟ | نَعَمْ، نَعِدُ زَيْدًا. |

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات وجوابات کیجیے:

- **فعل ماضٍ:** هَلْ وَعَدْتُّمْ سَعْدًا؟ نَعَمْ، وَعَدْنَا سَعْدًا.
- **فعل أمر:** عِدْ سَعْدًا! سَوْفَ أَعِدُ سَعْدًا.
- **اسم فاعل/اسم مفعول:** هَلْ أَنْتَ وَاعِدٌ؟ نَعَمْ، أَنَا وَاعِدٌ.

وَعَدَ ہی کی طرح وَجَدَ (اس نے پایا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔